سوال

توحیدی گروہ سے مرادالسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ سوال : جناب توحیدی گروہ سے کون لوگ مراد ہیں ؟ اوران کے مسلک اہلحدیث سے کیا اختلافات ہیں ؟ کیا یہ مسلمانوں ہی کا ایک گروہ ہے یا ان کے متعلق ہماری رائے کچھ اور ہونی چاہیئے ؟

جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

اس گروہ کے کسی رکن سے میری بالمشافہ ابھی تک بات نہیں ہو سکی البتہ ہمارے ایک دوست محترم عابد الٰہی صاحب مدرس جامعہ اسلامیہ المعہد العالی مریدکے کی کچھ مناظرے ان کے اراکین سے ہوتے رہے ہیں ان میں سے ملنے والی معلومات کے مطابق توحیدی گروہ کے متعلق کچھ اس طرح ہے : گوجرانوالہ کے قریب سادھوکی قصبہ کا رہائشی ایوب جو کہ اہلحدیث تھا اور وہ جماعت المسلمین کا رکن تھا ۔ لاہور سوڈیوال میں رہائش پذیر بزرگ ڈاکٹر شجاع اللہ کے ساتھیوں میں سے تھا ۔ جب یہ لوگ جماعت المسلمین سے علیحدہ ہوئے تو فکری اختلافات کی وجہ سے مختلف گروہوں میں تقسیم ہوگئے ۔ ڈاکٹر شجاع اللہ لاہور میں اور ایوب توحیدی سادھوکی میں اپنی فکر شائع کرنے میں مصروف ہیں ۔ ان کے نظریات میں طاغوت سے براء ت ، شاہ ولی اللہ جیسے بزرگ کہ جن کی کتابوں میں کوئی عقیدہ سے متعلق قابل اعتراض تحریریں ہیں ان کی تکفیر قرآنی تعویذ کے شرکیہ ہونے کا مسئلہ جیسے اختلافات ہیں او راہلحدیث سے انہی معاملات سے تشدد میں فرق ہے ۔ ایوب توحیدی کی فکر کے حاملین کو توحیدی کہتے ہیں ۔

وباللہ التوفیق

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث